## سوال

(155) ہنود لوگ اپنی لڑکیوں کی شادی میں چھوٹی ساڑیاں شکون سے خریدتے ہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکثر ہنود لوگ اپنی لڑکیوں کی شادی میں سبز پاتل یعنی چھوٹی ساڑیاں شکون نیک سے خریدتے ہیں۔ اور دلہن کو پہلے رسم شادی میں اس کو استعمال کراتے ہیں۔ اس لئے سبز پاتل کا بنوانا اور خرید کرنا ازروئے شرع کیا حکم ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ساڑیوں کا بیچنا منع نہیں۔ خریدنے والے کی نیت نیک ہو بد اس کا اثر بیع پر نہیں ہے۔ جیسے ریشمی کپڑا بیچنا جائز ہے۔ کوئی اسے اپنے استعمال کیلئے خریدے تو یہ اس کا اپنا فعل ہے۔ (اہل حدیث زی الحجہ س 1337ھ) (فتاوی ثنائیہ۔ جلد 2 صفحہ 390۔391)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 14 ص 132**

محدث فتویٰ